NOT FOR SALE

ماڈل درسی کتاب

# اُردو

۳

جماعت سوم

قومی نصاب ۲۳-۲۰۲۲ء کے مطابق



نیشنل بک فاؤنڈیشن
بطور
وفاقی ٹیکسٹ بک بورڈ، اسلام آباد



مستحکم گلگت بلتستان　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　روشن پاکستان

# وزیر اعلیٰ گلگت بلتستان کا پیغام

عزیز طلبہ!

میرے لئے یہ نہایت اعزاز کی بات ہے کہ میں گلگت بلتستان کے تابناک مستقبل یعنی کہ طلبا و طالبات سے مخاطب ہوں۔ بحیثیت وزیر اعلیٰ گلگت بلتستان، میں آپ کو نئے تعلیمی سال کے آغاز پر دلی مبارک باد پیش کرتا ہوں اور نیک تمناؤں کا اظہار کرتا ہوں۔

یہ بات روز روشن کی طرح عیاں ہے کہ تعلیم ہماری حکومت کی اولین ترجیح رہی ہے اور اس بات پر بھی پختہ یقین ہے کہ نوجوان نسل ہی قوموں کی ترقی اور کامیابی کا محور و مرکز ہوتے ہیں۔ لہٰذا آپ کا جوش وولولہ، تجسس اور عزم وہ بنیادی ستون ہیں جن کے دم پر ہم گلگت بلتستان کا مستقبل تشکیل دے رہے ہیں۔

میں چاہتا ہوں کہ آپ اس بات کو سمجھیں کہ تعلیم کی سب سے زیادہ اہمیت ہے۔ یہ وہ اوزار ہے جس کی مدد سے آپ نہ صرف اپنی بلکہ اس خطے کی بھی تقدیر بدل سکتے ہیں۔ تعلیم آپ کو بااختیار بنا کر علم اور ہنر کے دروازے آپ پر وا کرتی ہے اور اس قابل بناتی ہے کہ آپ تخلیقی اور تنقیدی زاویہ نگاہ سے دنیا کو پرکھ سکیں تاکہ آپ مشکلات اور مصائب کا ڈٹ کر مقابلہ کر سکیں۔ تعلیم آپ کو اس امر کے لئے بھی تیار کرتی ہے کہ آپ اپنی عملی زندگی میں دانشمندانہ فیصلہ سازی کرنے کے قابل بنیں اور ایک بہتر معاشرے کی تشکیل میں ایک کارآمد فرد کی حیثیت سے اپنا مثبت کردار ادا کر سکیں۔ اس وقت گلگت بلتستان میں ہم پر عزم ہیں کہ آپ کو بین الاقوامی معیار کے مطابق تعلیمی مواقع فراہم کر دیے جائیں۔ اس کے لئے حکومت اس وقت سکولوں کی تعمیر و مرمت اور اساتذہ کی پیشہ ورانہ تربیت پر سرمایہ لگا رہی ہے۔ نیز اس بات کو بھی یقینی بنایا جا رہا ہے کہ سکولوں میں جدید طریقہ ہائے تدریس کو فروغ دیا جائے تاکہ طلبہ کو بہترین تعلیمی ماحول میسر ہو۔

میری خواہش ہے کہ آپ ان مواقع سے بھرپور فائدہ اٹھائیں اور جستجو کو اپنا اوڑھنا بچھونا بنائیں، سوال پوچھیں اور جواب ڈھونڈھیں تاکہ آپ اپنی دلچسپیوں کو دریافت کر سکیں۔ کیونکہ تعلیم کا مقصد صرف اچھے نمبر حاصل کرنے تک محدود نہیں ہے بلکہ یہ آپ کو اپنی صلاحیتوں کو پروان چڑھانے اور ایک دانا و بینا فرد بننے میں مدد دیتی ہے۔

مزید برآں، میں آپ کو تاکید کرتا چلوں کہ آپ اپنے اقدار کو پورے دل سے اپنائیں اور رواداری، تنوع پسندی اور برادری کے اس احساس پر عمل پیرا ہوں، جو ایک قوم کو جوڑے رکھتی ہے۔ نیز گلگت بلتستان کے مستقبل کے رہنما و مفید شہری ہونے کی حیثیت سے اس متنوع آبادی والے علاقے میں ہم آہنگی اور اتحاد و اتفاق کو فروغ دینے کی اہم ذمہ داری آپ کے کندھوں پر عائد ہوتی ہے۔

یاد رکھیں کہ کامیابی صرف محنت، لگن اور استقامت کے بل پر ملتی ہے۔ مشکلات سے کبھی مایوس نہ ہوں بلکہ مشکلات اور رکاوٹوں کو اپنے لئے سیکھنے کا ذریعہ سمجھیں اور آگے بڑھتے رہیں۔ آپ کے خوابوں اور آرزوؤں کا حصول ناممکن نہیں ہے کیونکہ ہم آپ کے خوابوں کو پورا کرنے میں آپ کے ساتھ کھڑے ہیں۔ میں اپنے علاقے میں اور اس سے باہر کی دنیا میں آپ کی کامیابیوں اور خدمات کے تذکرے سننے کا متمنی رہوں گا۔ کیونکہ آپ کی کامیابی ہماری کامیابی ہے، اور مل جل کر ہی ہم ایک خوشحال اور روشن گلگت بلتستان کو پروان چڑھا سکتے ہیں۔

میں ایک بار پھر آپ کو نئے تعلیمی سفر کا آغاز کرنے پر مبارکباد پیش کرتا ہوں اس دعا کے ساتھ کہ آپ کا یہ تعلیمی سفر کامیابیوں سے بھرپور رہو۔

آپ کا خیر اندیش

حاجی گلبر خان

وزیر اعلیٰ گلگت بلتستان

National Book Foundation

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

ماڈل درسی کتاب

# اُردُو

## جماعت سِوُم

قومی نصاب ۲۳-۲۰۲۲ء کے مطابق

National Book Foundation

نیشنل بُک فاؤنڈیشن

وزارتِ وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت، حکومتِ پاکستان

©2023ء نیشنل بک فاؤنڈیشن بطور وفاقی ٹیکسٹ بک بورڈ، اسلام آباد
جملہ حقوق محفوظ ہیں۔ یہ کتاب یا اس کا کوئی بھی حصہ کسی بھی شکل میں
نیشنل بک فاؤنڈیشن کی باقاعدہ تحریری اجازت کے بغیر شائع نہیں کیا جا سکتا۔

ماڈل درسی کتاب: اُردُو
برائے جماعت سوم




مصنفین: ڈاکٹر شفقت علی جنجوعہ، محمد شاہین بلوچ ملغانی، رابعہ شہزادی

زیرِ نگرانی
ڈاکٹر مریم چغتائی
ڈائریکٹر
قومی نصاب کونسل سیکرٹریٹ
وزارتِ وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت حکومت پاکستان، اسلام آباد

اراکین نظرِ ثانی کمیٹی
ڈاکٹر تجمل حسین شاہ، ماہر نصابیات، اسلام آباد۔ ڈاکٹر فوزیہ اسلم، نمل یونیورسٹی، اسلام آباد۔ ڈاکٹر فردوس کوثر، بحریہ کالج، اسلام آباد
گلناز، وفاقی تعلیمی ادارہ جات، اسلام آباد۔ حمیرا صادق قریشی، وفاقی تعلیمی ادارہ جات (کینٹ / گیریژن)، راولپنڈی

اراکین قومی نظرِ ثانی کمیٹی
ڈاکٹر محمد سہیل سرور، پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ، حکومت پنجاب، لاہور۔ ڈاکٹر امتیاز احمد، محکمہ تعلیم جنوبی پنجاب، ملتان
ناہدہ بخش، ڈائریکٹریٹ آف کریکولم، اسسمنٹ اینڈ ریسرچ، حکومت سندھ، جامشورو
محمد ذکریا، محکمہ تعلیم، گلگت بلتستان۔ نائب جان آغا، ادارہ نصابیات و توسیعی تعلیم حکومت بلوچستان، کوئٹہ
تاج ولی خان، نظامت نصابیات و تربیت اساتذہ حکومت خیبر پختونخوا، ایبٹ آباد
ماجد ہارون الرشید، محکمہ تعلیم آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر، مظفر آباد
ڈیسک آفیسر
سہیل بن عزیز، قومی نصاب کونسل سیکرٹریٹ، اسلام آباد

انتظامیہ: نیشنل بک فاؤنڈیشن

اشاعت اول۔ طباعت اول: اکتوبر 2023ء | صفحات: 178 | تعداد: 19953
قیمت: -/325
کوڈ: STU-0000، آئی ایس بی این: 00-0000-37-969-978
طابع: سنی پریس، پشاور

TEST EDITION

نیشنل بک فاؤنڈیشن کی دیگر مطبوعات کے بارے میں معلومات کے لیے رابطہ کیجیے
ویب سائٹ: www.nbf.org.pk یا فون: 051-9261125
یا ای میل: books@nbf.org.pk
کسی بھی غلطی کی نشاندہی یا رائے دینے کے لیے درج ذیل ای میل پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔
textbooks@ncc.gov.pk

National Book Foundation

# پیش لفظ

نیشنل بک فاؤنڈیشن، فیڈرل سطح پر واحد ادارہ ہے جو معیاری درسی کتب کی اشاعت کرتا ہے اور بہ طور فیڈرل ٹیکسٹ بک بورڈ بھی اپنے فرائض بہ طریقِ احسن سرانجام دے رہا ہے۔

اُردو کی یہ ماڈل درسی کتاب برائے جماعت سوم کے لیے قومی نصاب ۲۰۲۲ء کے مطابق اعلیٰ تعلیم یافتہ اور تجربہ کار اساتذہ کرام نے تیار کی ہے۔ ہمارے معزز مصنفین کرام نے حتی الامکان کوشش کی ہے کہ یہ کتاب نصابِ اُردو کے تمام تقاضے پورے کرے اور طلبہ کی ذہنی سطح اور معاشرتی نظام کے عین مطابق ہو۔ اُمیدِ واثق ہے ہماری یہ کوشش طلبہ اور اساتذہ کو پسند آئے گی۔

اُردو کی تدریس میں جدید رجحانات اور حکمت عملیوں کو اس کتاب میں بھی روشناس کرانے کی کوشش کی گئی۔ مشقوں اور سرگرمیوں پر خاص طور سے توجہ دی گئی ہے۔ مصنفین نے تمام اسباق کو تدریسیاتی اصولوں پر وضع کیا ہے۔ یقیناً اس سے تدریسِ اُردو کی منزل ابتدائی سطح پر بہتر ہو جائے گی۔ ہر سبق سے پہلے کچھ ایسی سرگرمیاں دی گئی ہیں جو بنیادی طور پر اساتذہ کرام کی نگرانی میں انجام پائیں گی مگر مخاطب طلبہ ہیں۔ پڑھنے سے پہلے کی یہ سرگرمیاں طلبہ میں سبق سے دلچسپی پیدا کرنے کے لیے بنائی جاتی ہیں۔ یاد رہے کہ پڑھنے کے بعد مشقی سوالات حاصلاتِ تعلم کی تقویت اور جانچ کے لیے ہیں۔ امتحانی سوالات حاصلاتِ تعلم اور بلوم ٹیکسانومی کے مطابق تیار کیے جانے چاہئیں۔

معیار کی رفعت، تدریسیاتی حاصلات، ذہنی رسائی اور اسلوب کی پیروی ہمارا نصب العین ہے۔ اس ضمن میں مصنفین کی کاوشیں لائقِ تحسین ہیں۔ حتی الامکان کوشش کی گئی ہے کہ کتاب غلطیوں سے پاک ہو۔ وزارتِ مذہبی امور کی جانب سے حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کی ذاتِ گرامی اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے حوالے سے جو نوٹیفکیشن جاری ہوتے رہے ہیں ان پر بھی مکمل طور پر عمل کیا گیا ہے تاہم پھر بھی آپ سے درخواست ہے کہ اگر اس کتاب میں کسی قسم کی لسانی یا علمی نوعیت کی کوئی خامی نظر آئے تو ہمیں اس سے آگاہ فرمائیں تاکہ آمدہ ایڈیشن میں ان کی درستی کی جاسکے۔ اس کے لیے ادارہ آپ کا بے حد شکر گزار ہو گا۔ کسی غلطی کی نشان دہی یا اطلاع textbook@nbf.org.pk پر کریں۔

اللہ تعالیٰ ہم سب کا حامی و ناصر ہو! آمین

ڈاکٹر راجہ مظہر حمید

مینجنگ ڈائریکٹر

National Book Foundation

# فہرست

## پہلی سہ ماہی


سبق ۱ — حمد (نظم) — صفحہ ۱

پڑھیے اور سمجھیے: درست جواب کی نشان دہی، مختصر سوالات

سنیے اور بولیے: موضوع سے متعلق اظہارِ خیال کرنا، مخصوص موضوع پر بات چیت کرنا

اشعار درست تلفظ، لَے، آہنگ اور روانی سے پڑھنا اور سوالات کے جوابات دینا

زبان سیکھیے: مترادف الفاظ کا تصوّر، فعل ماضی کا تصوّر

ہم آواز الفاظ

سمجھیے اور لکھیے: موضوع پر چند جملے لکھنا، تصویر سے متعلق چھے مربُوط جملے لکھنا

عمل کیجیے: اسکریپ بک بنانا

سبق ۲ — نعت (نظم) — صفحہ ۷

پڑھیے اور سمجھیے: کالم ملانا، مصرعوں کی تکمیل، مختصر سوالات

عبارت درست تلفظ اور روانی سے پڑھنا

سنیے اور بولیے: موضوع سے متعلق بات چیت کرنا، واقعہ سن کر اس سے متعلق سوالات کے جوابات دینا

زبان سیکھیے: متضاد الفاظ کا تصوّر، واحد جمع کا تصوّر

لفظی و ہندسی گنتی

سمجھیے اور لکھیے: خاکے کی مدد سے موضوع سے متعلق سات جملے لکھنا

عمل کیجیے: کُتب بینی، نعت کی پڑھائی

سبق ۳ — بے مثل ہے ذاتِ رسولِ کریم ﷺ کی — صفحہ ۱۴

پڑھیے اور سمجھیے: خالی جگہ پُر کرنا، درست اور غلط جواب کی نشان دہی، مختصر سوالات

سنیے اور بولیے: موضوع سے متعلق بات چیت کرنا، تصویری کہانی پر بات چیت کرنا

عبارت درست تلفظ اور روانی سے پڑھنا، اہم نکات بیان کرنا

زبان سیکھیے: الفاظ بنانا اور اعراب لگانا

استفہامیہ جملوں کا تصوّر، تذکیر و تانیث

سمجھیے اور لکھیے: چھے مربُوط جملے لکھنا

عمل کیجیے: موضوع سے متعلق فہرست مرتّب کرنا، اپنی پسند کی اخلاقی کہانی، نظم یا ڈراما پڑھ کر سنانا

سبق ۴ — اگر میں نہ ہُوں تو! — صفحہ ۲۱

پڑھیے اور سمجھیے: درست اور غلط جواب کی نشان دہی، خالی جگہ پُر کرنا، مختصر سوالات

سنیے اور بولیے: عبارت درست تلفظ اور روانی سے پڑھنا اور سوالات کے جوابات دینا

موضوع سے متعلق بات چیت کرنا

الفاظ سازی بذریعہ جوڑ توڑ

زبان سیکھیے: اسم ضمیر کا تصوّر، مترادف الفاظ کا تصوّر

سمجھیے اور لکھیے: موضوع سے متعلق چند جملے لکھنا، ڈائری لکھنا

عمل کیجیے: تقریر پیش کرنا

جائزہ۔۱ — صفحہ ۲۹


National Book Foundation

### سبق ۵ — صحت اور صفائی — صفحہ ۳۱

- **پڑھیے اور سمجھیے:** خالی جگہ پُر کرنا، کالم ملانا، مختصر سوالات، پیراگراف درست تلفظ اور روانی سے پڑھنا
- **سنیے اور بولیے:** اشعار سُن کر اظہارِ خیال کرنا، موضوع سے متعلق بات چیت کرنا
- **زبان سیکھیے:** الفاظ سازی بذریعہ جوڑ توڑ، اسم معرفہ اور اسم نکرہ کا تصور، متضاد الفاظ کا تصور
- **سمجھیے اور لکھیے:** آٹھ مربوط جملے لکھنا، جملہ سازی
- **عمل کیجیے:** مختلف پیشوں سے متعلق پوسٹر بنانا

### سبق ۶ — چالاک لومڑی اور چِنٹُو مُرغا (سنانے کا سبق) — صفحہ ۳۹

- **پڑھیے اور سمجھیے:** عبارت کو درست طریقے سے پڑھنا، سوالات کے زبانی جواب دینا، خاص نکات بیان کرنا، اپنا ردِ عمل دینا

## دوسری سہ ماہی

### سبق ۷ — ہم کیوں بُھول جاتے ہیں؟ — صفحہ ۴۱

- **پڑھیے اور سمجھیے:** سبق کے مطابق بتانا کہ متعلقہ جملے کس نے کہے؟، کالم ملانا، مختصر سوالات، پیغامات کو درست تلفظ اور روانی سے پڑھنا
- **سنیے اور بولیے:** تصویری فہم، موضوع سے متعلق اظہارِ خیال
- **زبان سیکھیے:** معمّے میں سے الفاظ تلاش کر کے لکھنا
- **سمجھیے اور لکھیے:** فعل حال کا تصور، اسم ضمیر کا جملوں میں استعمال، آٹھ مربُوط جملے لکھنا، خطوط نویسی
- **عمل کیجیے:** ٹریفک کی بتّیاں، فٹ پاتھ، زیبرا کراسنگ بنانا

### سبق ۸ — شام (نظم) — صفحہ ۵۰

- **پڑھیے اور سمجھیے:** کالم ملانا، مصرعوں کی تکمیل، مختصر سوالات، موضوع سے متعلق اظہارِ خیال کرنا
- **سنیے اور بولیے:** معمّے میں سے ہم آواز الفاظ تلاش کرنا
- **زبان سیکھیے:** مترادف الفاظ کا تصور، واحد جمع کا تصور
- **سمجھیے اور لکھیے:** عبارت درست تلفظ اور روانی سے پڑھنا اور سوالات کے جوابات دینا، تصویری فہم
- **عمل کیجیے:** موضوع سے متعلق نظم تلاش کر کے لَے اور آہنگ سے پڑھنا

### سبق ۹ — اللہ تعالیٰ کا انعام — صفحہ ۵۶

- **پڑھیے اور سمجھیے:** درست جواب کی نشان دہی کرنا، سبق کے مطابق بتانا کہ متعلقہ جملے کس نے کہے؟، مختصر سوالات
- **سنیے اور بولیے:** موضوع سے متعلق اظہارِ خیال کرنا
- **زبان سیکھیے:** الفاظ سازی بذریعہ جوڑ توڑ، متضاد الفاظ کا تصور، فعل مستقبل کا تصور، عبارت درست تلفظ اور روانی سے پڑھنا اور سوالات کے جوابات دینا
- **سمجھیے اور لکھیے:** ڈائری لکھنا، جملہ سازی، بصری الفاظ پہچاننا
- **عمل کیجیے:** چارٹ بنانا

جائزہ۔۲ — صفحہ ۶۴


National Book Foundation

## سبق ۱۰ — جِس کا خواب تھا دِل کش — صفحہ ۶۶

**پڑھیے اور سمجھیے:** کثیر الانتخابی سوالات، درست اور غلط جواب کی نشان دہی، مختصر سوالات

**سنیے اور بولیے:** موضوع سے متعلق اظہارِ خیال کرنا

**زبان سیکھیے:** لفظی و ہندسی گنتی

استفہامیہ اور اقراری جملوں کا تصور، مترادف الفاظ کا تصور

**سمجھیے اور لکھیے:** عبارت درست تلفظ اور روانی سے پڑھنا اور سوالات کے جوابات دینا

خاکے کی مدد سے نو جملے لکھنا

**عمل کیجیے:** ذہنی آزمائش کے کھیل میں حصہ لینا

## سبق ۱۱ — چار انوکھے دوست — صفحہ ۷۴

**پڑھیے اور سمجھیے:** درست اور غلط جواب کی نشان دہی کرنا، کالم ملانا، مختصر سوالات

**سنیے اور بولیے:** موضوع سے متعلق اظہارِ خیال کرنا، پہیلیاں بوجھنا

املا کی درستی

**زبان سیکھیے:** فعلِ ماضی، فعل حال اور فعل مستقبل کی پہچان، حروفِ استعجاب کا تصور

**سمجھیے اور لکھیے:** نظم درست تلفظ، لے، آہنگ اور روانی سے پڑھنا اور سوالات کے جوابات دینا

دس مربوط جملے لکھنا

**عمل کیجیے:** چارٹ بنانا

## سبق ۱۲ — ہم ایک ہیں (سنانے کا سبق) — صفحہ ۸۲

**پڑھیے اور سمجھیے:** عبارت کو درست طریقے سے پڑھنا

سوالات کے زبانی جواب دینا

خاص نکات بیان کرنا

اپنا ردِ عمل دینا

## سبق ۱۳ — پاک وطن ہے پاکستان (نظم) — صفحہ ۸۴

**پڑھیے اور سمجھیے:** اشعار کی تکمیل، درست جواب کی نشان دہی، مختصر سوالات

اشعار درست تلفظ، لَے، آہنگ اور روانی سے پڑھنا اور اہم نکات بیان کرنا

**سنیے اور بولیے:** معلومات اکٹھی کرنا اور ان سے متعلق اظہارِ خیال کرنا، تصویری کہانی پر بات چیت کرنا

**زبان سیکھیے:** تذکیر و تانیث، واحد جمع کا تصور

الفاظ کا پہلا حرف بدل کر نئے الفاظ بنانا

**سمجھیے اور لکھیے:** دس مربوط جملے لکھنا

**عمل کیجیے:** ٹیبلو پیش کرنا

## جائزہ۔۳ — صفحہ ۹۰

National Book Foundation

### سبق ۱۴ — حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا — صفحہ ۹۳

| | |
|---|---|
| پڑھیے اور سمجھیے | درست جواب کی نشان دہی کرنا، خالی جگہ پُر کرنا، مختصر سوالات |
| سنیے اور بولیے | عبارت سن کر اس سے متعلق سوالات کے جوابات دینا<br>عددی ترتیب کا تصور |
| زبان سیکھیے | تذکیر و تانیث، استفہامیہ جملوں کی اقراری اور انکاری جملوں میں تبدیلی |
| سمجھیے اور لکھیے | کثیر الاستعمال الفاظ درست تلفظ اور روانی سے پڑھنا<br>دس جملے لکھنا |
| عمل کیجیے | مختلف مسائل سے متعلق بات چیت کرنا اور حل تجویز کرنا |

### سبق ۱۵ — وہ کون تھا؟ — صفحہ ۱۰۱

| | |
|---|---|
| پڑھیے اور سمجھیے | درست جواب کی نشان دہی، جملوں کی تکمیل، مختصر سوالات |
| سنیے اور بولیے | تصویری کہانی پر بات چیت کرنا |
| زبان سیکھیے | اسم معرفہ اور اسم نکرہ کی شناخت، زمانے کے لحاظ سے جملوں کی تبدیلی، لفظی اور ہندسی گنتی کا تصور |
| سمجھیے اور لکھیے | واقعہ درست تلفظ اور روانی سے پڑھنا اور سوالات کے جواب دینا<br>دس مربوط جملے لکھنا |
| عمل کیجیے | تقریر کرنا، موضوع سے متعلق اظہارِ خیال کرنا |

### سبق ۱۶ — ڈاکٹر عبدالقدیر خان — صفحہ ۱۰۸

| | |
|---|---|
| پڑھیے اور سمجھیے | سبق کے مطابق بتانا کہ متعلقہ جملے کس نے کہے؟، درست جواب کی نشان دہی، مختصر سوالات |
| سنیے اور بولیے | واقعہ درست تلفظ اور روانی سے پڑھنا اور پوچھے ہوئے سوالوں کے جواب دینا<br>دی ہوئی صورتِ حال پر بات چیت کرنا |
| زبان سیکھیے | حروف سازی بذریعہ جوڑ توڑ، جملوں کی تکمیل<br>استفہامیہ، اقراری اور انکاری جملوں کی شناخت، سادہ جملوں کو فعل ماضی اور فعل حال میں تبدیل کرنا |
| لکھیے اور سمجھیے | کسی موضوع پر دس سے بارہ جملوں کا مضمون لکھنا |
| عمل کیجیے | گملے اور کوڑے دان بنانا |

## تیسری سہ ماہی

### سبق ۱۷ — ہم نے دیکھا ایک روبوٹ (نظم) — صفحہ ۱۱۵

| | |
|---|---|
| پڑھیے اور سمجھیے | کالم ملانا، الفاظ سے متعلقہ مصرعے تلاش کر کے لکھنا، مختصر سوالات<br>اختراعی ہجوں والے الفاظ روانی سے پڑھنا |
| سنیے اور بولیے | پہیلیاں بوجھنا، موضوع سے متعلق اظہارِ خیال کرنا |
| زبان سیکھیے | متضاد الفاظ کا تصور، استعجابیہ جملوں کا تصور<br>الفاظ سازی، جملہ سازی |
| سمجھیے اور لکھیے | دیے ہوئے موضوع پر چند جملے لکھنا |
| عمل کیجیے | مزاحیہ نظمیں پڑھنا اور سنانا، کتابچہ تیار کرنا |

### سبق ۱۸ — ملکۂ کوہسار کی سیر — صفحہ ۱۲۰

| | |
|---|---|
| پڑھیے اور سمجھیے | درست جواب کی نشان دہی، خالی جگہ پُر کرنا، مختصر سوالات<br>عبارت درست تلفظ اور روانی سے پڑھنا |
| سنیے اور بولیے | موضوع سے متعلق اظہارِ خیال کرنا، تصاویر سے متعلق بات چیت کرنا اور اپنی پسند ناپسند کا اظہار کرنا |
| زبان سیکھیے | مترادف الفاظ کا تصور، تذکیر و تانیث<br>لفظی اور ہندسی گنتی کا تصور |
| سمجھیے اور لکھیے | تصویری فہم، دس مربوط جملے لکھنا، ڈائری لکھنا |
| عمل کیجیے | تقریر کرنا |

جائزہ۔۴ — صفحہ ۱۲۷


National Book Foundation

## سبق ۱۹ — دِل دِل پاکستان — صفحہ ۱۴۰

**پڑھیے اور سمجھیے:** خالی جگہ پُر کرنا، کثیر الانتخابی سوالات، مختصر سوالات

اشعار درست تلفظ، لَے، آہنگ اور روانی سے پڑھنا اور ان کا مفہوم بتانا

**سنیے اور بولیے:** کسی دوست یا رشتے دار کا تعارف کروانا

**زبان سیکھیے:** جملوں کو فعلِ ماضی فعل حال اور فعلِ مستقبل میں تبدیل کرنا، واحد جمع کا تصوّر، عددی ترتیب کا تصور

**سمجھیے اور لکھیے:** دس مربوط جملے لکھنا

**عمل کیجیے:** کتابچہ تیار کرنا

## سبق ۲۰ — قائدِاعظم رحمتہ اللہ علیہ (نظم) — صفحہ ۱۴۷

**پڑھیے اور سمجھیے:** بے ترتیب الفاظ کو ترتیب دے کر مصرعے درست کر کے لکھنا، مختصر سوالات

پیراگراف درست تلفظ اور روانی سے پڑھنا اور اس سے متعلق سوالات کے جوابات دینا

**سنیے اور بولیے:** موضوع سے متعلق بات چیت کرنا

**زبان سیکھیے:** املا کی درستی، اعراب لگانا، عددی ترتیب کا تصوّر

اسم معرفہ اور اسم نکرہ کی شناخت، متضاد الفاظ کا تصوّر

**سمجھیے اور لکھیے:** دس مربوط جملے لکھنا

**عمل کیجیے:** انٹرنیٹ کا استعمال، کتب بینی، موضوع سے متعلق نظم درست تلفظ، لَے، آہنگ اور روانی سے پڑھنا

## سبق ۲۱ — قُدرتی آفات (سنانے کا سبق) — صفحہ ۱۴۳

**پڑھیے اور سمجھیے:** عبارت کو درست طریقے سے پڑھنا

سوالات کے زبانی جواب دینا

خاص نکات بیان کرنا

اپنا ردِ عمل دینا

## سبق ۲۲ — بچّے کی دُعا (نظم) — صفحہ ۱۴۵

**پڑھیے اور سمجھیے:** بے ترتیب الفاظ کو ترتیب دے کر مصرعے درست کر کے لکھنا، خالی جگہ پُر کرنا، مختصر سوالات

**سنیے اور بولیے:** نظم درست تلفظ لَے، آہنگ اور روانی سے پڑھنا اور اس سے متعلق سوال کا جواب دینا

تصویری کہانی پر بات چیت کرنا، پہیلیاں بوجھنا

**زبان سیکھیے:** تذکیر و تانیث کا تصوّر، فعل ماضی، فعل حال اور فعل مستقبل کے جملوں کی شناخت، ہم آواز الفاظ کی شناخت

**سمجھیے اور لکھیے:** موضوع سے متعلق پیراگراف لکھنا

**عمل کیجیے:** مکالمہ تیار کرنا

## جائزہ ـ ۵ — صفحہ ۱۵۳

National Book Foundation

# سبق ۱

# حمد

## حاصلاتِ تعلّم

اس سبق کی تکمیل کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- عام استعمال میں شامل مشکل الفاظ کو پہچان / سکیں اور جملوں میں استعمال کر سکیں۔
- نظم اور نثر کو پڑھ کر سوالات کے جوابات سے سکیں۔
- نظم و نثر کو تلفظ آہنگ، لے، روانی کے ساتھ پڑھ سکیں۔
- نظم پڑھ کر سوالات کے زبانی جواب دے سکیں۔
- مناظر / مناظر کی تصویر دیکھ کر عبارت لکھ سکیں۔
- معنی کے لحاظ سے سادہ جملے تبدیل کر سکیں۔ (ماضی، حال، مستقبل)
- ہم آواز الفاظ پہچان سکیں، لکھ سکیں۔
- مختلف موضوعات سے متعلق اپنے خیالات، احساسات، مشاہدات اور معلومات کا تسلسل برقرار رکھتے ہوئے درست قواعد اور حرکات و سکنات کے ساتھ زبانی اظہار کر سکیں۔

## سوچیں اور بتائیں

- حمد کسے کہتے ہیں؟
- اللہ تعالیٰ نے ہمیں کن کن نعمتوں سے نوازا ہے؟ کوئی سی پانچ نعمتوں کے نام بتائیں۔

## کیا آپ جانتے ہیں؟

- اللہ تعالیٰ کے ننانوے صفاتی نام ہیں۔ صفاتی نام اُن ناموں کو کہا جاتا ہے، جن سے اللہ تعالیٰ کی کوئی صفت ظاہر ہوتی ہے۔ جیسے "اَلرَّحِیم" یعنی رحم کرنے والا۔

**برائے اساتذہ کرام**

تدریسی عمل کو مؤثر بنانے کے لیے سبق کے "حاصلاتِ تعلّم" دیے جا رہے ہیں، جو اساتذہ کرام کے لیے معاون ثابت ہوں گے۔ سبق کا متن پڑھانے سے قبل "سوچیں اور بتائیں" کے سوالات بچوں سے پوچھیں تاکہ وہ پڑھنے کے لیے ذہنی طور پر تیار ہو سکیں۔ "ٹھہریں اور بتائیں" کے سوالات متن پڑھانے کے دوران میں بچوں سے پوچھیں۔ "کیا آپ جانتے ہیں؟" میں دی ہوئی معلومات بھی بچوں کو موقع محل کے مطابق دی جائیں۔

**نوٹ**

- اسلام کے علاوہ دیگر مذاہب کے طلبہ کو اسلامی مواد پڑھنے پر مجبور نہ کیا جائے۔
- امتحانی سوالات میں اسلامی موضوعات پر سوال دینے کی صورت میں دیگر مذاہب کے طلبہ کے لیے متبادل سوال دیا جائے۔

National Book Foundation

# حمد

## تَلَفُّظ سیکھیں

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| سَمے | سَنسار | نِکھارے | وَحدَت | سَنوارے | عَظمَت |

خُدا کی قُدرت کے ہیں نظارے
زمیں پہ پھول، آسماں پہ تارے
سَمے ہیں یہ کیسے پیارے پیارے
زمیں پہ پھول، آسماں پہ تارے

وہ سارے سَنسار کا خُدا ہے
سب اُس کی قُدرت سے ہی بنا ہے
اُسی کی قُدرت نے ہیں نکھارے
زمیں پہ پھول، آسماں پہ تارے

## ٹھہریں اور بتائیں

- سَنسار بنانے والا کون ہے؟
- تارے کہاں چمکتے ہیں؟
- بتائیں کہ یہ نظم حمد کیوں ہے؟

National Book Foundation

یہ باغ ایسے کھلائے کِس نے؟
چراغ ایسے جلائے کِس نے؟
یہ سب خُدا ہی نے ہیں سَنوارے
زمیں پہ پُھول، آسماں پہ تارے

خُدا کی عظمت کے گیت گاؤ
خُدا کی وحدت کے گیت گاؤ
خُدا کی کرتے ہیں حمد سارے
زمیں پہ پُھول، آسماں پہ تارے

(اختر شیرانی)

## ہم نے سیکھا

- دُنیا کے خُوب صُورت نظّارے اللہ تعالیٰ نے بنائے ہیں۔
- زمین اور آسمان کی ہر چیز اللہ تعالیٰ کی تعریف بیان کرتی ہے۔

**برائے اساتذۂ کرام**

نظم کی خواندگی درست تلفظ سے پہلے خود کریں، پھر بچوں سے کروائیں۔ بچوں کو مشکل الفاظ کا درست تلفظ اور مفہوم بتائیں۔ بچوں کو بتائیں کہ جس نظم میں اللہ تعالیٰ کی تعریف بیان کی جائے، اسے "حمد" کہتے ہیں۔ ہر بند کے اختتام پر بچوں کو اس کا مفہوم بتائیں۔ بچوں کو بتائیں کہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں بے شمار نعمتیں عطا کی ہیں۔ ہمیں ان نعمتوں کے لیے اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنا چاہیے۔ بچوں کو ہم آواز الفاظ کی تعریف بتائیں۔ بعد ازاں بچوں کو نظم میں سے ہم آواز الفاظ تلاش کرنے کے لیے کہیں۔

National Book Foundation

# مشق

## پڑھیے اور سمجھیے

ا۔ دیے ہوئے الفاظ کے معنی سمجھیں اور جملے بنائیں۔

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| عظمت | بڑائی | وحدت | اللہ تعالیٰ کا ایک ہونا |
| سنسار | دُنیا | قُدرت | طاقت، اِختیار |
| سنْوارے | سجائے، نکھارے | سَمے | وقت |

۲۔ نظم کے مطابق درست الفاظ لکھ کر مصرعے مکمل کریں۔

- وہ سارے ________ کا خُدا ہے
- زمیں پہ پھول آسماں پہ ________
- خُدا کی ________ کے گیت گاؤ
- خُدا کی ________ کے ہیں نظارے
- اُسی کی قُدرت نے ہیں ________
- خُدا کی کرتے ہیں ________ سارے

۳۔ دیے ہوئے سوالوں کے جواب دیں۔

(الف) پُھول کہاں کھلتے ہیں؟

(ب) حمد میں کن چیزوں کو چراغ کہا گیا ہے؟

(ج) اس نظم میں کن کن نظاروں کی بات کی گئی ہے؟

(د) خدا کی وحدت سے کیا مراد ہے؟

برائے اساتذہ کرام

سوال نمبر ا میں دیے ہوئے الفاظ کا بچوں کو درست تلفظ اور مفہوم بتائیں۔ بچوں سے ان الفاظ کے زبانی جملے بھی بنوائیں تاکہ وہ روزمرہ زندگی میں ان کا بہتر استعمال کر سکیں۔
سوال نمبر ۲ کی سرگرمی سے قبل بچوں سے سبق کے اہم نکات سنیں تاکہ سبق سے متعلق اہم معلومات کا اعادہ ہو سکے۔ بعدازاں تحریری کام کروائیں۔
سوال نمبر ۳ میں دیے ہوئے سوالات کے جوابات پہلے بچوں سے زبانی سنیں، بعدازاں کاپی میں لکھوائیں۔

National Book Foundation

۴۔ دیے ہوئے اشعار درست تلفظ، لَے، آہنگ اور روانی سے پڑھیں۔

میرے مولا، میرے داتا — ہر اک کا ہے، تُجھ سے ناتا
ساری دنیا، تُو نے بنائی — پُھولوں اور، پھلوں سے سجائی
جنگل اور، پہاڑ بنائے — باغوں میں، پھل پُھول لگائے
تُو نے ہی، اِنسان بنائے — تُو نے ہی، حیوان بنائے
عِلم سِکھانے والا، تُو ہے — عَقل بڑھانے والا، تُو ہے
ہم کو سیدھی راہ، دِکھا دے — نیک بنا دے، ایک بنا دے

(شفیقی عہدی پوری)

## سنیے اور بولیے

۵۔ اللہ تعالیٰ نے ہمیں بے شمار نعمتیں دی ہیں۔ ان نعمتوں کا شُکر ہم کیسے ادا کر سکتے ہیں؟

۶۔ آپس میں بات چیت کریں اور بتائیں کہ آپ کے پاس اللہ تعالیٰ کی کون کون سی ایسی نعمتیں ہیں، جن کے لیے آپ اُس کے بے حد شُکر گزار ہیں؟

## زبان سیکھیے

۷۔ الفاظ اور اُن کے مُترادف چُن کر جوڑیوں کی صُورت میں نیچے دی ہوئی جگہ میں لکھیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| گُل | تاریکی | پُھول | اندھیرا |
| فلک | دُشوار | خُوب صُورت | آسمان |
| نیک | حَسین | مُشکل | اچھّا |

مثال: گُل — پُھول

سوال نمبر ۵ سے متعلق بچوں سے بات چیت کریں۔ ہر بچے کو اظہارِ خیال کا موقع دیں۔
سوال نمبر ۶ کی سرگرمی سے قبل بچوں سے پوچھیں کہ وہ کون سے کام شوق سے کرتے ہیں اور کون سے کام کرنا انھیں ناپسند ہے۔ بعد ازاں بچوں سے پوچھیں کہ وہ اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا شکر کیسے ادا کر سکتے ہیں۔ ہر بچے کو بولنے کا موقع دیں۔ اس سرگرمی کا مقصد بچوں کی سننے اور بولنے کی صلاحیتوں کی نشوونما کرنا ہے۔

## فعل ماضی

دیے ہوئے جملے غور سے پڑھیں:

- کل داداجان بازار سے پھل لائے تھے۔
- رضا پچھلے ہفتے اِسلام آباد گیا تھا۔

اُوپر دی ہوئی مثالوں سے پتا چلتا ہے کہ داداجان گزرے ہوئے زمانے میں پھل لائے تھے اور رضا بھی گزرے ہوئے زمانے میں اِسلام آباد گیا تھا۔ وہ کام جو گزرے ہوئے زمانے میں ہُوا ہو، اسے ''فعل ماضی'' کہتے ہیں۔

۸۔ دی ہوئی تصویر غور سے دیکھیں اور اِس سے متعلق فعل ماضی کے پانچ جملے کاپی میں لکھیں۔




### سمجھیے اور لکھیے

۹۔ آپ کی کون سی پانچ ایسی دعائیں ہیں، جو آپ چاہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ قبول کرلے؟ چند جملوں میں لکھ کر بتائیں۔

۱۰۔ دی ہوئی تصویر کو غور سے دیکھیں اور اِس میں دکھائی گئی اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کی اہمیت سے متعلق چھے جُملے کاپی میں لکھیں۔



### عمل کیجیے

۱۱۔ اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کی تصاویر پر مبنی ایک اسکریپ بک تیّار کریں اور جماعت کے کمرے میں اُس کی نمائش کریں۔

برائے اساتذہ کرام

سوال نمبر ۷ کی سرگرمی سے قبل بچوں کو مترادف الفاظ کی تعریف بتائیں۔ بچوں کے دو گروہ بنا دیں۔ ایک گروہ اردگرد کا جائزہ لے کر چند ایسے الفاظ بولے، جن کے مترادف بن سکتے ہوں اور دوسرا گروہ ان کے مترادف بتائے۔ جیسے: فلک، آسمان اور درخت، پیڑ، وغیرہ۔ بعدازاں سوال نمبر ۷ کی سرگرمی کروائیں۔

سوال نمبر ۸ کی سرگرمی کے لیے بچوں کو فعل ماضی کا تصور سمجھائیں۔ مختلف سادہ جملوں کو فعل ماضی میں تبدیل کر کے بچوں کو بتائیں۔ تختۂ تحریر پر چند سادہ جملے لکھ کر بچوں سے انھیں فعل ماضی میں تبدیل کروائیں۔

National Book Foundation



## سبق ۲

# نعت

## حاصلاتِ تعلّم

اس سبق کی تکمیل کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- عام استعمال میں شامل مشکل الفاظ کو پہچان / سکیں اور جملوں میں استعمال کر سکیں۔
- نظم اور نثر کو پڑھ کر سوالات کے جوابات دے سکیں۔
- مضمون لکھ سکیں۔ (آٹھ سے دس)
- الفاظ کے متضاد لکھ سکیں۔ (پہچان سکیں اور استعمال کر سکیں)
- ٹی وی، موبائل، کمپیوٹر وغیرہ پر مختصر عبارت، سمجھ کر پڑھ سکیں۔
- مختلف موضوعات سے متعلق اپنے خیالات، احساسات، مشاہدات اور معلومات کا تسلسل برقرار رکھتے ہوئے درست قواعد اور حرکات و سکنات کے ساتھ زبانی اظہار کر سکیں۔
- واقعات پڑھ کر نتیجہ اخذ کر سکیں۔
- تحریر میں عددی ترتیب (ایک سے بیس تک) کا درست استعمال کر سکیں۔

## سوچیں اور بتائیں

- سب سے پہلے اور سب سے آخری نبی کون تھے؟
- حمد اور نعت میں کیا فرق ہے؟

## کیا آپ جانتے ہیں؟

- حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کے دادا نے آپ ﷺ کا نام "محمد" رکھا، جس کے معانی ہیں: "بے حد تعریف کیا ہُوا۔"
- اللہ تعالیٰ نے لوگوں کو سیدھا رستہ دِکھانے کے لیے دُنیا میں تقریباً ایک لاکھ چوبیس ہزار نبی اور رسول بھیجے۔

برائے اساتذہ کرام

تدریسی عمل کو مؤثر بنانے کے لیے سبق کے "حاصلاتِ تعلّم" دیے جا رہے ہیں، جو اساتذہ کرام کے لیے معاون ثابت ہوں گے۔ سبق کا متن پڑھانے سے قبل "سوچیں اور بتائیں" کے سوالات بچوں سے پوچھیں تاکہ وہ پڑھنے کے لیے ذہنی طور پر تیار ہو سکیں۔ "ٹھہریں اور بتائیں" کے سوالات متن پڑھانے کے دوران میں بچوں سے پوچھیں۔ "کیا آپ جانتے ہیں؟" میں دی ہوئی معلومات بھی بچوں کو موقع محل کے مطابق دی جائیں۔

نوٹ

- اسلام کے علاوہ دیگر مذاہب کے طلبہ کو اسلامی مواد پڑھنے پر مجبور نہ کیا جائے۔
- امتحانی سوالات میں اسلامی موضوعات پر سوال دینے کی صورت میں دیگر مذاہب کے طلبہ کے لیے متبادل سوال دیا جائے۔

National Book Foundation

# نعت

## تلفّظ سیکھیں

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| تبَاہی | رَحمَت | تشرِیف | اُجالا | گھٹا | کلام |

بڑی شان والے ، ہمارے نبیؐ
دِلوں کے اُجالے ، ہمارے نبیؐ

وہؐ مکّے میں جس وقت، پیدا ہوئے
بُرے پُوری دُنیا کے، حالات تھے

بُرائی تھی ہر شَے، پہ چھائی ہوئی
تبَاہی تھی دُنیا، پہ آئی ہوئی

گھٹا رَحمتِ حق ، کی آخر اُٹھی
زمانے میں تشرِیف ، لائے نبیؐ

وہ پیارے نبیؐ، جن کا اعلیٰ مَقام
ہُوا جِن پہ نازل، خُدا کا کلام

زمانے کو دی ، عِلم کی روشنی
کہ تبدِیل جس سے ، ہوئی زندگی

### ٹھہریں اور بتائیں

- نبی کریم ﷺ نے زمانے کو علم کی روشنی کیسے دی؟
- نبی کریم ﷺ کس شہر میں پیدا ہوئے؟

بڑی شان والے ، ہمارے نبیؐ
کہ سب کے نبیؐ ہیں، ہمارے نبیؐ

(خواجہ عابد نظامی)



برائے اساتذۂ کرام

نعت کی خواندگی درست تلفظ اور روانی سے پہلے خود کریں، پھر بچوں سے کروائیں۔ بچوں کو مشکل الفاظ کا درست تلفظ اور مفہوم بتائیں۔ بچوں کو بتائیں کہ جس نظم میں نبی کریم ﷺ کی تعریف بیان کی جائے، اسے "نعت" کہتے ہیں۔ بچوں کو بتائیں کہ نبی کریم ﷺ کو اللہ تعالیٰ نے دونوں جہانوں کے لیے رحمت بنا کر بھیجا۔ بچوں کو تلقین کریں کہ جب بھی نبی کریم ﷺ کا نام پڑھیں، سنیں یا لکھیں تو ہمیشہ درود پڑھیں۔ بچوں کو درود پڑھنے کی فضیلت سے آگاہ کریں۔

نوٹ

- اسلام کے علاوہ دیگر مذاہب کے طلبہ کو اسلامی مواد پڑھنے پر مجبور نہ کیا جائے۔
- امتحانی سوالات میں اسلامی موضوعات پر سوال دینے کی صورت میں غیر مسلم طلبہ کے لیے متبادل سوال دیا جائے۔

National Book Foundation

## ہم نے سیکھا

- نبی کریم ﷺ کی آمد سے قبل لوگ ہر طرح کی بُرائیوں میں مبتلا تھے۔
- نبی کریم ﷺ نے لوگوں کو خدا کا پیغام سُنایا۔
- آپ ﷺ کا رُتبہ سب نبیوں سے اعلیٰ ہے۔
- آپ ﷺ نے لوگوں کو ہدایت کا راستہ دِکھایا۔
- آپ ﷺ اللہ تعالیٰ کی آخری کتاب لائے۔

# مشق

## پڑھیے اور سمجھیے

ا۔ دیے ہوئے الفاظ کے معنی سمجھیں اور جملے بنائیں۔

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| اُجالا | روشنی | اعلیٰ | بُلند، بہت اُونچا |
| تبدیل ہونا | بدلنا | حَق | سچ |
| کَلام | بات (یہاں مراد قرآن مجید ہے) | مَقام | رُتبہ، درجہ |

برائے اساتذہ کرام

سوال نمبر ا کے تحت دیے ہوئے الفاظ کا بچوں کو درست تلفظ اور مفہوم بتائیں۔ بعد ازاں بچوں سے ان الفاظ کے جملے بھی بنوائیں تا کہ وہ روزمرہ زندگی میں ان کا بہتر استعمال کر سکیں۔

National Book Foundation

۲۔ ایک طالب علم کالم الف میں دیے گئے مصرعے کو پڑھے اور دوسرا طالب علم کالم ب میں دیے گئے مصرعے ملا کر شعر مکمل کریں۔

| کالم (الف) | کالم (ب) |
| --- | --- |
| گھٹا رحمتِ حق کی، آخر اٹھی | تباہی تھی دُنیا، پہ آئی ہوئی |
| بُرائی تھی ہر شے، پہ چھائی ہوئی | کہ سب کے نبیؑ ہیں، ہمارے نبیؐ |
| وہ مکّے میں جس وقت، پیدا ہوئے | زمانے میں تشریف، لائے نبیؐ |
| بڑی شان والے، ہمارے نبیؐ | بُرے پوری دُنیا کے، حالات تھے |

۳۔ دی ہوئی عبارت درست تلفظ اور روانی سے پڑھیں۔

اللہ تعالیٰ نے نبی کریم ﷺ کو اَخلاق کا بہترین نمونہ بنا کر بھیجا۔ ایک بار کسی نے حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے پوچھا کہ آپ ﷺ کے اَخلاق کیسے تھے؟ اُنھوں نے فرمایا: "کیا آپ نے قُرآن نہیں پڑھا؟ جو کچھ قُرآن میں ہے، وہ آپ ﷺ کے اَخلاق تھے۔" آپ ﷺ کی ساری زندگی قُرآن پاک کا عملی نمونہ تھی۔

۴۔ دیے ہوئے سوالوں کے جواب دیں۔

(الف) نبی کریم ﷺ جب پیدا ہوئے تو عرب کے حالات کیسے تھے؟

(ب) لوگوں کی زندگی میں تبدیلی کیسے آئی؟

(ج) ''ہُوا جن پہ نازل خُدا کا کلام'' سے کیا مراد ہے؟

(د) سب نبیوں میں کس نبیؐ کا مقام بُلند ہے اور کیوں؟

برائے اساتذہ کرام

سوال نمبر ۲ اور ۳ کی سرگرمی سے قبل بچوں کو نعت کے اشعار دہرانے کے لیے کہیں۔ بعد ازاں تحریری کام کروائیں۔
سوال نمبر ۴ میں دیے ہوئے سوالات کے جوابات پہلے بچوں سے زبانی سنیں، پھر کاپیوں میں لکھوائیں۔

National Book Foundation

## سنیے اور بولیے

۵۔ نبی کریم ﷺ کی ذاتِ مبارک بہت سی خُوبیوں کا مجموعہ ہے۔ نیچے نبی کریم ﷺ کی چند خُوبیاں دی گئی ہیں۔ ان میں سے کون سی خُوبیاں آپ میں موجود ہیں اور کون سی خُوبیاں آپ اپنانا چاہتے ہیں؟ اپنی رائے کا مدلل اظہار کریں۔

| | | |
|---|---|---|
| ہمیشہ سچ بولتے تھے۔ | ہمیشہ صاف سُتھرے رہتے تھے۔ | ہمیشہ دُوسروں کی مدد کرتے تھے۔ |
| امانت میں خیانت نہیں کرتے تھے۔ | وعدہ پُورا کرتے تھے۔ | |
| چھوٹوں سے شفقت اور بڑوں کا احترام کرتے تھے۔ | کسی کو تکلیف نہیں پہنچاتے تھے۔ | |

۶۔ دیا ہوا واقعہ غور سے سنیں اور پوچھے ہوئے سوالات کے زبانی جوابات دیں۔

نبی کریم ﷺ کو اللہ تعالیٰ نے دو جہانوں کے لیے رحمت بنا کر بھیجا۔ آپ ﷺ کبھی کسی کو تکلیف میں نہیں دیکھ سکتے تھے۔ آپ ﷺ ہمیشہ ہر کسی کی مدد کرنے کو تیّار رہتے تھے۔ ایک دفعہ آپ ﷺ ایک گلی میں سے گُزر رہے تھے۔ ایک نابینا عورت بھی اُسی گلی میں سے گُزر رہی تھی۔ اچانک اُس عورت کو ٹھوکر لگی اور وہ گر گئی۔ دُوسرے لوگ یہ دیکھ کر ہنسنے لگے۔ آپ ﷺ کی آنکھوں میں آنسو آ گئے۔ آپ ﷺ نے فوراً جا کر اُس عورت کو پکڑ کر اُٹھایا اور اُس کو اُس کے گھر پہنچا دیا۔

### سوالات

- دو جہانوں سے کیا مراد ہے؟
- نبی کریم ﷺ ہمیشہ کس کی مدد کے لیے تیار رہتے تھے؟
- نابینا عورت کیسے گر گئی تھی؟
- نبی کریم ﷺ کی آنکھوں میں آنسو کیوں آ گئے تھے؟
- نبی کریم ﷺ نے نابینا عورت کے ساتھ کیسا سلُوک کیا؟

برائے اساتذہ کرام

سوال نمبر ۵ سے متعلق بچوں سے بات چیت کریں۔ ہر بچے کو جماعت کے سامنے اظہارِ خیال کا موقع دیں۔
سوال نمبر ۶ میں دیا ہوا واقعہ بچوں کو دل چسپ انداز میں پڑھ کر سنائیں۔ بعد ازاں بچوں کے فہم کا جائزہ لینے کے لیے ان سے سوالات بھی پوچھیں۔
نیز واقعے سے متعلق براہِ راست سوالات پر مبنی ایک سوال نامہ بھی تیار کیا جا سکتا ہے، جو بچے واقعہ سننے کے دوران میں ساتھ ساتھ حل کر سکتے ہیں۔

National Book Foundation

## زبان سیکھیے

۷۔ مثال کے مطابق دیے ہوئے اعداد کی لفظی گنتی لکھیں اور معمّے میں سے اُن کی نشان دہی کریں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| جیسے: ۲ دو | ۴ ________ | ۲۰ ________ | ۷ ________ |
| ۹ ________ | ۱۷ ________ | ۱۲ ________ | ۱۹ ________ |
| ۱۶ ________ | ۱۰ ________ | ۱۸ ________ | ۱۴ ________ |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| چ | و | د | ہ | ب | چھ | ا |
| ب | ن | و | ج | ا | ج | ٹھ |
| س | و | ل | ہ | ر | ب | ٹھ |
| ج | س | ت | ر | ہ | ی | ا |
| د | ا | ن | ن | ی | س | ر |
| س | ا | ت | چ | ا | ر | ہ |

۸۔ خط کشیدہ الفاظ کے مُتضاد لکھ کر جملے مکمل کریں۔

- شاگرد ہمیشہ ________ کی عزّت کرتا ہے۔
- اِسلام میں کسی گورے کو ________ پر کوئی برتری حاصل نہیں۔
- اللہ تعالیٰ ہمارا خالق اور ہم اُس کی ________ ہیں۔
- ہمیشہ سچ بولو اور ________ سے بچو۔
- ہار اور ________ کھیل کا حصّہ ہیں۔

برائے اساتذہ کرام

سوال نمبر ۷ کی سرگرمی کے لیے بچوں سے کمرہ جماعت میں موجود چیزوں کی گنتی کروائیں۔ بچوں کو بتائیں کہ گنتی کا استعمال چیزوں کی تعداد بتانے کے لیے کرتے ہیں۔ بعدازاں بچوں سے معمّے میں سے لفظی گنتی تلاش کروانے اور لکھنے کی سرگرمی کروائیں۔
سوال نمبر ۸ کی سرگرمی کے لیے بچوں کے دو گروہ بنا دیں۔ ایک گروہ خط کشیدہ الفاظ بولے اور دوسرا گروہ ان کے متضاد بتائے۔ بعدازاں جملے مکمل کرنے کی سرگرمی کروائیں۔

National Book Foundation

۹۔ جملوں کے سامنے دیے ہوئے واحد کے جمع بنا کر خالی جگہ پُر کریں۔

- تار پر ______ بیٹھے تھے۔ **طوطا**
- سارہ کو سالگرہ پر بہت سے ______ ملے۔ **تحفہ**
- امّی جان بازار سے ______ لائیں۔ **میوہ**
- مالی نے کیاری میں ______ لگائے۔ **پودا**
- بڑھئی نے لکڑی کے ______ بنائے۔ **دروازہ**
- ٹوکری میں ______ ہیں۔ **انڈا**

۱۰۔ دیے ہوئے الفاظ کی مدد سے حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کے بارے میں سات جملے اپنی کاپی میں لکھیں۔

مکّہ مکرمہ | والد اور والدہ کا نام | غارِ حرا | رحمۃً لِلعالمین

اعلیٰ اخلاق | آخری نبی | قرآنِ مجید | مسجدِ نبوی

## عمل کیجیے

۱۱۔ لائبریری یا دیگر ذرائع ابلاغ کی مدد سے اپنی پسند کی کوئی نعت پڑھیں اور درست تلفظ، لَے اور آہنگ کے ساتھ جماعت میں ساتھیوں کو سنائیں۔

برائے اساتذہ کرام

سوال نمبر ۹ کی سرگرمی سے قبل بچوں کو واحد الفاظ کی جمع بنانے کا طریقہ بتائیں۔ مختلف مثالوں کے ذریعے سے ان کی وضاحت کریں۔ بعد ازاں تحریری کام کروائیں۔
سوال نمبر ۱۰ میں دی ہوئی عبارت بچوں سے درست تلفظ اور روانی سے پڑھوائیں۔
سوال نمبر ۱۱ کی سرگرمی کے لیے پہلے معلوماتی خاکہ تختۂ تحریر پر لکھ کر بچوں کو اس کی مدد سے نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصحَابِہٖ وَسَلَّم کے بارے میں معلومات فراہم کریں۔ بعد ازاں تحریری کام کروائیں۔ سوال نمبر ۱۲ کی سرگرمی کے لیے بچوں کی مدد اور رہنمائی کریں۔



National Book Foundation

سبق ۳

# بے مثل ہے ذات رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم کی



## حاصلاتِ تعلّم

اس سبق کی تکمیل کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- عام استعمال میں شامل مشکل الفاظ کو پہچان / سکیں اور جملوں میں استعمال کر سکیں۔
- نظم اور نثر کو پڑھ کر سوالات کے جوابات دے سکیں۔
- واقعات پڑھ کر نتیجہ اخذ کر سکیں۔
- مختلف موضوعات سے متعلق اپنے خیالات، احساسات، مشاہدات اور معلومات کا تسلسل برقرار رکھتے ہوئے درست قواعد اور حرکات و سکنات کے ساتھ زبانی اظہار کر سکیں۔
- رموزِ اوقاف (استفہامیہ) کا درست استعمال کر سکیں۔
- مذکر کے مونث، لفظ اور جملے پہچان سکیں اور استعمال کر سکیں۔
- لُغت میں حروفِ تہجی کی ترتیب سے الفاظ کے معنی تلاش کر سکیں۔
- مضمون لکھ سکیں۔ (آٹھ سے دس جملوں پر مشتمل)
- ٹی وی، موبائل، کمپیوٹر وغیرہ پر مختصر عبارت، سمجھ کر پڑھ سکیں۔

## سوچیں اور بتائیں

- نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم کے اخلاق سے متعلق دو جملے بتائیں۔
- اگر آپ کو کسی کی کوئی گم شدہ چیز ملے تو آپ کیا کریں گے؟

## کیا آپ جانتے ہیں؟

- دیانت داری کے لفظی معنی "راست بازی اور امانت داری" کے ہیں۔ امانتوں کی حفاظت کرنا، لوگوں کے حقُوق ادا کرنا، کسی کے راز کی حفاظت کرنا، اپنی ذمہ داریاں ادا کرنا، مال میں ملاوٹ نہ کرنا، اچھا اور گھٹیا مال ملا کر بیچنے سے اِجتناب کرنا وغیرہ، دیانت کی ہی صُورتیں ہیں۔

برائے اساتذہ کرام

تدریسی عمل کو مؤثر بنانے کے لیے سبق کے "حاصلاتِ تعلّم" دیے جا رہے ہیں، جو اساتذہ کرام کے لیے معاون ثابت ہوں گے۔ سبق کا متن پڑھانے سے قبل "سوچیں اور بتائیں" کے سوالات بچوں سے پوچھیں تاکہ وہ پڑھنے کے لیے ذہنی طور پر تیار ہو سکیں۔ "ٹھہریں اور بتائیں" کے سوالات متن پڑھانے کے دوران میں بچوں سے پوچھیں۔ "کیا آپ جانتے ہیں؟" میں دی ہوئی معلومات بھی بچوں کو موقع محل کے مطابق دی جائیں۔

نوٹ

- اسلام کے علاوہ دیگر مذاہب کے طلبہ کو اسلامی مواد پڑھنے پر مجبور نہ کیا جائے۔
- امتحانی سوالات میں اسلامی موضوعات پر سوال دینے کی صورت میں دیگر مذاہب کے طلبہ کے لیے متبادل سوال دیا جائے۔

# بے مثل ہے ذات رسولِ کریم ﷺ کی

## تلفظ سیکھیں

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| سستانے | اجنبی | مِنبر | سخاوت | صِفات | صادِق | مُہار |

مدینہ منورہ میں کھجوریں کثرت سے پیدا ہوتی تھیں۔ اِردگرد سے لوگ کھجوریں خریدنے کے لیے یہاں آتے تھے۔ ایک مرتبہ کچھ لوگ کھجوریں خریدنے کے لیے مدینہ منورہ روانہ ہوئے۔ سفر کرتے کرتے وہ لوگ جب تھک گئے تو ستانے کے لیے مدینے سے باہر کچھ دیر کے لیے ٹھہر گئے۔ اتنے میں وہاں ایک اجنبی شخص آیا۔ اس شخص نے مسافروں کے پاس ایک سُرخ اُونٹ دیکھ کر پوچھا کہ کیا یہ اُونٹ آپ مجھے بیچو گے؟ مُسافروں نے کہا کہ اگر وہ اُنھیں اتنی مقدار میں کھجوریں دے تو وہ بدلے میں اُسے اُونٹ دے دیں گے۔ سودا طے ہونے کے بعد اُس شخص نے اُونٹ کی مُہار پکڑی اور شہر کے اندر چلا گیا۔

اُس شخص کے جانے کے بعد مُسافروں کو خیال آیا کہ وہ تو اس آدمی کو جانتے ہی نہیں۔ اب اُونٹ کی واپسی یا قیمت کی وصُولی کے لیے کیا کریں؟ تھوڑی دیر گزری تو اُس اجنبی شخص نے ایک آدمی کے ذریعے سے ڈھیر ساری کھجوریں بھجوا دیں۔ ساتھ ہی پیغام دیا کہ اپنے اُونٹ کی قیمت کے برابر کھجوریں تول کر پوری کر لو اور باقی کھجوریں آپ کی دعوت کے لیے ہیں۔ مُسافر اجنبی شخص کی دیانت داری اور سخاوت پر بے حد خُوش ہوئے۔

وہ لوگ کھجوریں کھا کر جب مدینہ منورہ میں داخل ہوئے تو انھوں نے دیکھا کہ وہ اجنبی شخص مسجد کے منبر پر کھڑا خُطبہ دے رہا ہے۔ معلوم ہوا کہ وہ اجنبی شخص اللہ تعالیٰ کے آخری رسُول حضرت محمد رسُول اللہ خاتم النبیین ﷺ ہیں۔ نبی کریم ﷺ کی ذات میں بے پناہ خُوبیاں تھیں، جن میں نمایاں خُوبی دیانت داری تھی۔ آپ ﷺ ہمیشہ سچ بولتے اور لوگوں کی امانتوں کی حفاظت کرتے۔

آپ ﷺ کبھی کاروبار میں دھوکا دہی اور ناپ تول میں کمی نہ کرتے۔ اِنھی خُوبیوں کی وجہ سے مکہ مکرمہ کے لوگ آپ ﷺ کو صادِق اور امین کہہ کر پُکارتے تھے۔ صادِق کا مطلب ہے: ''سچا'' اور امین کا مطلب ہے: ''امانت دار'' آپ ﷺ نے امانت داری کو اِیمان کی ایک شرط قرار دیا اور فرمایا: ''جس میں امانت داری نہیں، اس کا کوئی اِیمان نہیں۔'' (مُسند احمد) ہمیں چاہیے کہ ہم نبی کریم ﷺ کی تعلیمات پر عمل کریں تاکہ دُنیا اور آخرت میں کامیاب ہو سکیں۔ (صحیح ابن حبان۔ جلد ہفتم)

### ٹھہریں اور بتائیں

- امانت داری سے متعلق نبی کریم ﷺ نے کیا ارشاد فرمایا؟
- ہم دُنیا اور آخرت میں کامیابی کیسے حاصل کر سکتے ہیں؟

### ہم نے سیکھا

- نبی کریم ﷺ بے پناہ خُوبیوں کے مالک تھے۔
- مکہ مکرمہ کے لوگ آپ ﷺ کو صادق اور امین کہتے تھے۔
- نبی کریم ﷺ نے دیانت داری کو اِیمان کی ایک شرط قرار دیا۔
- آپ ﷺ کی تعلیمات پر عمل کر کے ہم دُنیا اور آخرت میں کامیاب ہو سکتے ہیں۔



**برائے اساتذہ کرام:** سبق کی خواندگی درست تلفظ اور روانی سے پہلے خود کریں، پھر بچوں سے کروائیں۔ بچوں کو مشکل الفاظ کا درست تلفظ اور مفہوم بتائیں۔ بچوں سے پیارے نبی کریم ﷺ کے اعلیٰ اخلاق کے بارے میں بات چیت کریں۔ بچوں کو نبی کریم ﷺ کے اسوۂ حسنہ پر عمل کرنے کی ترغیب دیں۔ بچوں کو دیانت داری کا مفہوم بتائیں اور ان سے پوچھیں کہ وہ کن کن معاملات میں دیانت داری کا مظاہرہ کر سکتے ہیں۔

National Book Foundation

# مشق

## پڑھیے اور سمجھیے

ا۔ دیے ہوئے الفاظ کے معنی سمجھیں اور جملے بنائیں۔

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| اجنبی | ناواقف، انجان | امین | امانت دار |
| سستانا | آرام کرنا | صادِق | سچا |
| مِنبَر | وہ جگہ جہاں امام کھڑے ہو کر یا بیٹھ کر خُطبہ دیتا ہے | | |

۲۔ درست الفاظ چن کر خالی جگہ پُر کریں۔

کھجُوریں — خُوبیاں — وُصولی — خُطبہ — داخل

- اُونٹ کی واپسی یا قیمت کی ______ کے لیے کیا کریں؟
- اجنبی شخص نے ایک آدمی کے ذریعے سے ڈھیر ساری ______ بھجوا دیں۔
- مُسافر کھجُوریں کھا کر مدینہ منورہ میں ______ ہوئے۔
- نبی کریم ﷺ کی ذات میں بے پناہ ______ تھیں۔
- مُسافروں نے دیکھا کہ وہ اجنبی شخص مِنبَر پر کھڑا ______ دے رہا ہے۔

۳۔ سبق کے مطابق درست جواب کی نشان دہی رنگ بھر کر کریں۔

- لوگ خریدنے کے لیے مدینہ منورہ گئے: کھجُوریں / کپڑے
- لوگوں کے پاس اونٹ تھا: خاکی / سرخ
- مدینہ منورہ میں کھجُوروں کی ہوتی تھی: کثرت / قِلّت
- اجنبی شخص اُونٹ کی مُہار پکڑ کر چلا گیا: مکّہ مکرمہ میں / مدینہ منورہ میں

برائے اساتذہ کرام: سوال نمبر ا کے تحت دیے ہوئے الفاظ کا بچوں کو درست تلفظ اور مفہوم بتائیں۔ بچوں سے ان الفاظ کے جملے بھی بنوائیں تا کہ وہ ان کے مفہوم کو سمجھتے ہوئے روزمرہ زندگی میں ان کا بہتر استعمال کر سکیں۔ سوال نمبر ۲ اور ۳ کی سرگرمی سے قبل بچوں سے سبق کے اہم نکات سنیں۔ بعدازاں تحریری کام کروائیں۔

۴۔ دیے ہوئے سوالوں کے جواب لکھیں۔

(الف) مکّہ مکرمہ کے لوگ نبی کریم ﷺ کو صادِق اور امین کیوں کہتے تھے؟

(ب) نبی کریم ﷺ نے کس چیز کو ایمان کی شرط قرار دیا ہے؟

(ج) اجنبی شخص نے اُونٹ دیکھ کر مُسافروں سے کیا پوچھا اور اُنھوں نے کیا جواب دیا؟

(د) مِنبر پر کھڑے ہو کر خُطبہ دینے والے اجنبی شخص کون تھے؟

(ہ) دیانت داری کے دو فوائد لکھیں۔

۵۔ دیا ہوا واقعہ درست تلفظ اور روانی سے پڑھیں۔ بعدازاں اس کے اہم نکات کی روشنی میں نتیجہ اخذ کریں۔

نبی کریم ﷺ بازار گئے۔ وہاں آپ ﷺ نے ایک شخص کو دیکھا، جو غلّہ بیچ رہا تھا۔ آپ ﷺ اُس کے پاس تشریف لے گئے۔ اُس کے سامنے غلّے کا ڈھیر لگا ہوا تھا۔ آپ ﷺ نے غلّے کے ڈھیر میں ہاتھ ڈالا تو وہ گیلا محسوس ہوا۔ آپ ﷺ نے اُس شخص سے پوچھا کہ غلّہ اندر سے گیلا کیوں ہے؟ اُس شخص نے جواب دیا: ''اے اللہ کے رسُول ﷺ! بارش کی وجہ سے غلّہ بھیگ گیا تھا۔'' نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ تم نے گیلا غلّہ نیچے چُھپا کر رکھنے کے بجائے باہر نکال کر اُوپر کیوں نہ رکھا تا کہ خریدنے والے کو معلوم ہو جائے کہ یہ گیلا ہے؟ پھر آپ ﷺ نے فرمایا: ''جس نے دھوکا دیا، وہ ہم میں سے نہیں۔'' (جامع ترمذی)

## سنیے اور بولیے

۶۔ آپس میں بات چیت کریں اور بتائیں کہ ہم نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے محبت کا اظہار کیسے کر سکتے ہیں؟

برائے اساتذہ کرام

سوال نمبر ۴ میں دیے ہوئے سوالات کے جوابات پہلے بچوں سے زبانی سنیں، پھر کاپیوں میں لکھوائیں۔ سوال نمبر ۶ کی سرگرمی کے لیے بچوں سے بات چیت کریں۔ ہر بچے کو اظہارِ خیال کا موقع دیں۔ سوال نمبر ۷ کی سرگرمی کے لیے خالی جگہ میں بچوں سے درست حروف لکھوائیں۔ اس کے بعد الفاظ بنوا کر ان پر درست اعراب لگوا کر تلفظ کی ادائیگی کروائیں۔

National Book Foundation

۷۔ خالی جگہ میں درست حروف لکھ کر الفاظ بنائیں اور اُن پر لگا کر درست تلفظ اپنے ساتھی کو سنائیں۔

| | حروف | الفاظ | حروف | الفاظ |
| --- | --- | --- | --- | --- |
| مثال: | ص ـ ح ـ ح ـ ت | صِحّت | ت ـ ک ـ م ـ ___ ـ ل | |
| | م ـ ت ـ ع ـ د ـ ___ | | ___ ـ ج ـ م ـ و ـ ع ـ ہ | |
| | ش ـ ___ ـ ک ـ ت | | ع ـ ز ـ ___ ـ ز | |

زبان سیکھیے

## اِستفہامیہ جُملے

درج ذیل جملے غور سے پڑھیں۔

- یہ قلم کس کا ہے؟
- دروازے پر کون ہے؟

ان جملوں میں کوئی بات یا سوال پوچھا گیا ہے۔ وہ جملے جن میں کوئی بات یا سوال پوچھا جائے، "اِستفہامیہ جملے" کہلاتے ہیں۔ ان جملوں میں حروفِ استفہام "کیا، کیوں، کہاں، کون، کب" وغیرہ کا استعمال کیا جاتا ہے اور جملے کے آخر میں سوالیہ نشان (؟) لگایا جاتا ہے۔

۸۔ دی ہوئی تصویر سے متعلق پانچ سادہ جملے کاپی میں لکھیں اور پھر انھیں استفہامیہ جملوں میں تبدیل کریں۔




برائے اساتذہ کرام

سوال نمبر ۸ کی سرگرمی سے قبل بچوں کو استفہامیہ جملوں کا مفہوم بتائیں اور مختلف مثالوں کے ذریعے سے اس تصور کی وضاحت کریں۔
"حروفِ استفہام: کیوں، کب، کہاں، کیسے" وغیرہ کا استعمال کرواتے ہوئے بچوں سے زبانی مختلف جملے بھی بنوائیں۔ بچوں کے دو گروہ بنا دیں۔ ایک گروہ سادہ جملے بولے اور دوسرا گروہ انھیں استفہامیہ جملوں میں تبدیل کرے۔ سوال نمبر ۹ کے تحت دیے ہوئے مذکر کے مؤنث اور مؤنث کے مذکر بچوں سے پوچھیں، پھر جملے مکمل کرنے کی سرگرمی کروائیں۔

National Book Foundation

۹۔ دیے ہوئے جملے پڑھیں اور مثال کے مطابق مذکر اسما کے مؤنث اور مؤنث اسما کے مذکر لکھ کر خالی جگہ پُر کریں۔

مثال: باورچی نے سبزی کاٹی اور باورچن نے کھانا پکایا۔

- ______ نے ملکہ کو خوب صورت ہار دیا۔
- بھائی نے پودے لگائے اور ______ نے انھیں پانی دیا۔
- نانی جان نے اپنے نواسے اور ______ کو عیدی دی۔
- مالک کی ایک آواز پر ______ اور خادمہ دوڑے چلے آئے۔

۱۰۔ درج ذیل الفاظ کے معنی لغت سے تلاش کریں۔

| الفاظ | معنی |
|---|---|
| کثرت | |
| سخاوت | |
| مقدار | |
| دیانت | |
| خطبہ | |

## سمجھیے اور لکھیے

۱۱۔ دیانت داری سے کیا مراد ہے اور ایک طالب علم کے طور پر آپ کن کن مُعاملات میں دیانت داری کا مظاہرہ کر سکتے ہیں؟ چند جملوں میں لکھ کر بتائیں۔

## عمل کیجیے

۱۲۔ لائبریری سے حاصل کردہ کتاب/انٹرنیٹ کی مدد سے یا بچّوں کے رسائل میں سے اپنی پسند کی کوئی اخلاقی کہانی، واقعہ، ڈراما یا نظم پڑھیں۔ بعدازاں کمرہ جماعت میں ساتھیوں کو سنائیں اور اُس کے اخلاقی سبق پر بات چیت کریں۔

برائے اساتذہ کرام: سوال نمبر ۱۱ کی سرگرمی کے لیے پہلے بچوں سے بات چیت کریں اور ان کے جوابات لیں۔ بعدازاں تحریری کام کروائیں۔

National Book Foundation

National Book Foundation

Approved by Government of Pakistan
Ministry of Federal Education & Professional Training
National Curriculum Council Secretariat
vide letter No. F.No. 1-6 (2023)-NCC/Dir/Urdu Dated: August 7, 2023

# قومی ترانہ

پاک سَرزمین شاد باد! کشورِ حسین شاد باد!
تو نشانِ عزمِ عالی شان ارضِ پاکستان
مرکزِ یقین شاد باد!

پاک سرزمین کا نِظام قُوتِ اُخوتِ عوام
قوم، مُلک، سلطنت پائندہ تابندہ باد!
شاد باد منزلِ مُراد!

پرچمِ سِتارہ و ہِلال رہبرِ ترقی و کمال
ترجُمانِ ماضی، شانِ حال جانِ اِستقبال
سایۂ خُدائے ذُوالجلال!

National Book Foundation

نیشنل بُک فاؤنڈیشن
بطور
وفاقی ٹیکسٹ بُک بورڈ، اسلام آباد